احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعہ 13 جون 2008ء

روزنامہ
تیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 13 جون 2008ء 8 جمادی الثانی 1429 ہجری 13 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 133

موجب برکت

حضرت ابوامامہ الباھلیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔
سورۃ البقرہ پڑھو کیونکہ اس کی تلاوت موجب برکت ہے۔ اوراس کو ترک کرنا باعث حسرت ہے اور جھوٹے اس کے مقابلہ کی استطاعت نہیں رکھتے۔

(صحیح مسلم کتاب لصلوٰۃ المسافرین باب فضل قراءۃ القرآن حدیث نمبر:1337)

قرآن کریم کو سمجھنے کیلئے اوراس میں بیان کردہ حقائق پر غور کرنے کیلئے ہمارا ہر بچہ میٹرک ضرور پاس کرے۔
(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے جس میں ہر ایک قسم کے معارف اور اسرار موجود ہیں، لیکن ان کے حاصل کرنے کے لئے میں پھر کہتا ہوں کہ اسی قوت قدسیہ کی ضرورت ہے، چنانچہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے لایمسہ الا المطھرون (الواقعۃ:80)

ایسا ہی فصاحت، بلاغت میں (اس کا مقابلہ ناممکن ہے) مثلاً سورہ فاتحہ کی موجودہ ترتیب چھوڑ کر کوئی اور ترتیب استعمال کرو، تو وہ مطالب عالیہ اور مقاصد عظمٰی جو اس ترتیب میں موجود ہیں، ممکن نہیں کہ کسی دوسری ترتیب میں بیان ہوسکیں۔ کوئی سی سورۃ لے لو۔ خواہ قل ھو اللہ احد ہی کیوں نہ ہو۔ جس قدر نرمی اور ملاطفت کی رعایت کو ملحوظ رکھ کر اس میں معارف اور حقائق ہیں وہ کوئی دوسرا بیان نہ کرسکے گا۔ یہ بھی فقط اعجاز قرآن ہی ہے۔ مجھے حیرت ہوتی ہے جب بعض نادان مقامات حریری یا سبع معلقہ کو بے نظیر اور بے مثل کہتے ہیں اور اس طرح پر قرآن کریم کی بے مانندیت پر حملہ کرنا چاہتے ہیں۔ وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ اول تو حریری کے مصنف نے کہیں اس کے بے نظیر ہونے کا دعویٰ نہیں کیا اور دوم یہ کہ مصنف حریری خود قرآن کریم کی اعجازی فصاحت کا قائل تھا۔ علاوہ ازیں معترضین راستی اور صداقت کو ذہن میں نہیں رکھتے بلکہ ان کو چھوڑ کر محض الفاظ کی طرف جاتے ہیں مندرجہ بالا کتابیں حق اور حکمت سے خالی ہیں۔

اعجاز کی خوبی اور وجہ تو یہی ہے کہ ہر ایک قسم کی رعایت کو زیر نظر رکھے۔ فصاحت اور بلاغت بھی ہاتھ سے جانے نہ دے۔ صداقت اور حکمت کو بھی نہ چھوڑے۔ یہ معجزہ صرف قرآن شریف ہی کا ہے۔ جو آفتاب کی طرح روشن ہے اور ہر پہلو سے اپنے اندر اعجازی طاقت رکھتا ہے۔...... محض زبانی ہی جمع خرچ نہیں کہ ''ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسری بھی پھیر دو۔'' یہ لحاظ اور خیال نہیں کہ ایسی تعلیم حکیمانہ فعل سے کہاں تک تعلق رکھتی ہے اور انسان کی فطرت کا لحاظ اس میں کہاں تک ہے؟

اس کے مقابل میں قرآن کریم کی تعلیم پڑھیں گے۔ تو پتہ لگ جائے گا کہ انسان کے خیالات اس طرح ہر پہلو پر قادر نہیں ہوسکتے اور ایسی مکمل اور بے نقص تعلیم جیسی کہ قرآن شریف کی ہے۔ زمینی دماغ اور ذہن کا نتیجہ نہیں ہوسکتی۔ کیا یہ ممکن ہے کہ ہمارے روبرو ایک ہزار مسکین آدمی ہوں اور ان میں سے ہم چند ایک کو کچھ دے دیں اور باقی کا خیال تک بھی نہ کریں ایسا ہی...... ایک ہی پہلو پر پڑی ہے۔ باقی پہلوؤں کا اسے خیال تک بھی نہیں رہا۔......

......تعلیم قرآنی کا دامن بہت وسیع ہے۔ وہ قیامت تک ایک ہی لاتبدیل قانون ہے اور ہر قوم اور ہر وقت کے لئے ہے۔ چنانچہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے: وان من شی...... (الحجر:22) یعنی ہم اپنے خزانوں میں سے بقدر معلوم نازل کرتے ہیں۔......

قرآن کریم کی ضرورتیں سارے زمانہ کی اصلاح۔ قرآن کا مقصد تھا وحشیانہ حالت سے انسان بنانا۔ انسانی آداب سے مہذب انسان بنانا۔ تا شرعی حدود و احکام کے ساتھ مرحلہ طے ہو۔ اور پھر باخدا انسان بنانا۔ گویہ لفظ مختصر ہیں۔ مگر ان کے ہزار ہا شعبے ہیں۔ چونکہ یہودیوں، طبیعیوں، آتش پرستوں اور مختلف اقوام میں بدروشی کی روح کام کر رہی تھی، اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باعلام الٰہی سب کو مخاطب کرکے فرمایا: یایھا الناس...... (الاعراف:159) اس لئے ضروری تھا کہ قرآن شریف ان تعلیمات کا جامع ہوتا جو وقتاً فوقتاً جاری رہ چکی تھیں اور ان تمام صداقتوں کو اپنے اندر رکھتا جو آسمان سے مختلف اوقات میں مختلف نبیوں کے ذریعے سے زمین کے باشندوں کو پہنچائی گئی تھیں۔ قرآن کریم کے مدنظر تمام نوع انسان تھا نہ کوئی خاص قوم اور ملک اور زمانہ۔

(ملفوظات جلد اول ص52)

صدسالہ جوبلی تمغہ جات

❁ ایسے تمام احباب وخواتین جو خود یا ان کے نمائندہ جلسہ سالانہ قادیان 1991ء اور 2005ء کے مواقع پر اسناد وصول کرچکے ہیں اور ابھی تک میڈل وصول نہیں کیا ہے۔ ان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ ان کے میڈلز تیار ہوچکے ہیں۔ لہٰذا اپنے میڈل کے حصول کے لئے جلد از جلد نظارت تعلیم سے رابطہ کریں۔
نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان۔ ربوہ
فون 0321-7707403 -0332-7079462
047-6212473 فیکس:047-6212398
ای میل:ntaleem@gmail.com

داخلہ کمپیوٹر کورسز

❁ وہ خدام جو ویب ڈویلپمنٹ کرنا چاہتے ہوں۔ طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام ان کے لئے مندرجہ ذیل کورس کا اجراء کیا جارہا ہے۔ اس کورس کی ٹریننگ کے لئے ٹریزلاہور سے تشریف لا رہے ہیں۔ داخلہ کے خواہشمند خدام اپنی درخواستیں دفتر خدام الاحمدیہ میں جمع کروادیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کا آغاز 15 جون 2008ء سے ہوگا۔

ویب پیج ڈویلپمنٹ
HTML, PHP, Java Script, MySql
دورانیہ 2 ماہ فیس کورس-/1500
(نگران طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

انگلش لینگوئج کورس خدام الاحمدیہ پاکستان

❁ شعبہ امور طلبہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام امسال میٹرک کا امتحان دینے والے خدام کے لئے انگلش لینگوئج کورس کا انتظام کیا گیا ہے۔ خدام اس سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں۔ کورس کا آغاز 15 جون سے ایوان محمود میں ہوگا اور اس کا دورانیہ ایک ماہ ہوگا۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔
(مہتمم امور طلبہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 487

سیدنا حضرت مسیح موعود کے قلم سے "حقیقۃ الوحی" جیسی کتاب 15 مئی 1907ء کو شائع ہوئی جو آپ کے دعویٰ مسیحیت کے عہد کی سب سے ضخیم تالیف ہے۔ حضرت اقدس نے کتاب کے صفحہ 96 میں اللہ جلشانہ کا یہ مبارک الہام تحریر فرمایا ہے:۔

"روحانی عالم تیرے پر کھولا گیا"

(حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد22 ص99)

حضرت اقدس کے انقلاب آفرین لٹریچر کی سطر سطر۔ اس حقیقت پر شاہد ناطق ہے نمونۂ سلطان القلم کی روح القدس کی تاثیرات وتائیدات سے مرصع چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔

پُرجلال خدا کی غیرت نمائی اپنے مقدس ترین برگزیدہ نبی کے لئے

حضرت اقدس نے تتمہ "حقیقۃ الوحی" میں عظمت رسولؐ کے متعلق دنیا بھر میں منادی کی وہ نبی جس نے قرآن پیش کیا وہ سچا نبی ہے اور وہی ہے جس کے قدموں کے نیچے نجات ہے اور بجز اس کی متابعت کے ہرگز ہرگز کسی کو کوئی نور حاصل نہیں ہوگا اور جب میرے خدا نے اس نبی کی وقعت اور قدر اور عظمت میرے پر ظاہر کی تو میں کانپ اٹھا اور میرے بدن پر لرزہ پڑ گیا............ اس مقدس نبی کا لوگوں نے قدر شناخت نہیں کیا جیسا کہ حق شناخت کرنے کا تھا اور جیسا کہ چاہئے لوگوں کو اب تک اس کی عظمتیں معلوم نہیں وہی ایک نبی ہے جس نے توحید کا تخم ایسے طور پر بویا جو آج تک ضائع نہیں ہوا۔ وہی ایک نبی ہے جو ایسے وقت میں آیا جب تمام دنیا بگڑ گئی تھی اور ایسے وقت میں گیا جب ایک سمندر کی طرح توحید کو دنیا میں پھیلا گیا اور وہی ایک نبی ہے جس کے لئے ہر ایک زمانہ میں خدا اپنی غیرت دکھلاتا رہا ہے اور اس کی تصدیق اور تائید کے لئے ہزار ہا معجزات ظاہر کرتا رہا۔

(حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد22 صفحہ 618)

اس کے بعد حقانیت مصطفوی کے لئے عالمگیر نشانوں کے سلسلہ میں ذکر کرنے کے بعد گستاخان رسول کو مخاطب کرکے فرمایا:۔

"اس زمانہ کے لوگوں کو میں کس سے تشبیہ دوں وہ اس بدقسمت کی طرح ہیں جس کی آنکھیں بھی ہیں پر دیکھتا نہیں اور کان بھی ہیں پر سنتا نہیں اور عقل بھی ہے پر سمجھتا نہیں۔ میں ان کے لئے روتا ہوں اور وہ مجھ پر ہنستے ہیں اور میں ان کو زندگانی کا پانی دیتا ہوں اور وہ مجھ پر آگ برساتے ہیں"۔

(حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد22 صفحہ 619)

کلام نبوت کی تخت گاہ

فرمایا

"یہ درجہ ام الالسنہ ہونے کا عربی زبان کو حاصل ہے اور وہی آج ان تمام زبانوں میں سے جن میں آسمانی کتابیں بیان کی جاتی ہیں زندہ زبان ہے اور ہم نے بڑی تحقیق سے تمام زبانوں کا مقابلہ کرکے بہت سے قوی دلائل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ درحقیقت عربی زبان ہی ام الالسنہ ہے اسی لئے وہی زبان اس لائق ہے کہ کل قوموں کو اس زبان میں مخاطب کیا جائے.......... جس عالیشان وحی سے ہمیں خدا نے مشرف کیا ہے ہم وید میں اس کا نمونہ نہیں دیکھتے۔ یہ کلام خارق عادت باتوں اور غیب سے پُر ہے جیسا کہ سمندر پانی سے اور اکثر عربی میں جو نبوت کی کلام کی تخت گاہ ہے نازل ہوتا ہے اور کبھی اردو میں اور کبھی فارسی میں اور بعض اوقات انگریزی زبان میں بھی ہوا ہے۔

(نسیم دعوت ۔ روحانی خزائن جلد19 صفحہ 430)

"گلوبل ویلج" کا کشفی نظارہ ایک گمنام بستی میں

فرمایا

"خدا نے پہلے متفرق طور پر ہر ایک امت کو جدا جدا دستور العمل بھیجا اور پھر چاہا کہ جیسا کہ خدا ایک ہے وہ بھی ایک ہو جائیں تب سب کو اکٹھا کرنے کے لئے قرآن کو بھیجا اور خبر دی کہ ایک زمانہ آنے والا ہے کہ خدا تمام قوموں کو ایک قوم بنا دے گا اور تمام ملکوں کو ایک ملک کر دے گا اور زبانوں کو ایک زبان بنا دے گا.......... تا ایک ہی خدا ہو اور ایک ہی نبی ہو اور ایک ہی دین ہو"۔

(نسیم دعوت ۔ روحانی خزائن جلد19 صفحہ 428)

تاریخ وحدت اقوام کا انقلابی سنگ میل

حضرت اقدس کے قلم اعجاز رقم سے الہام "خدائے رحمٰن کا حکم ہے اس خلیفہ کے لئے جس کی آسمانی بادشاہت ہے"، کی تشریح تاریخ مذاہب عالم کے آئینہ میں:۔

"کسی آئندہ زمانہ کی نسبت یہ پیشگوئی جیسا کہ آنحضرت ﷺ کے ہاتھ میں کشفی رنگ میں کنجیاں دی گئی تھیں مگر ان کنجیوں کا ظہور حضرت عمر فاروقؓ کے ذریعہ سے ہوا۔ خدا جب اپنے ہاتھ سے ایک قوم بناتا ہے تو یہ پسند نہیں کرتا کہ ہمیشہ ان کو لوگ پاؤں کے نیچے کچلتے رہیں۔ آخر بعض بادشاہ ان کی جماعت میں داخل ہو جاتے ہیں اور اس طرح پر وہ ظالموں کے ہاتھ سے نجات پاتے ہیں جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے ہوا۔

(حقیقۃ الوحی ۔ روحانی خزائن جلد22 ص94)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

درخواست دعا

۞ مکرم حافظ مبارک احمد صاحب ثانی پرنسپل مدرسۃ الحفظ اطلاع دیتے ہیں۔

استاذی المکرم جناب قاری محمد عاشق صاحب کی مورخہ 10 جون 2008ء کو طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں کامیاب انجیو پلاسٹی ہوئی ہے۔ احباب سے اس نافع الناس وجود کے لئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

۞ مکرم رانا بدیع الزمان صاحب انسپکٹر مال گزشتہ عشرہ سے شدید بیمار چلے آرہے ہیں چار پانچ روز فضل عمر ہسپتال ربوہ میں داخل رہنے کے بعد اب اپنے گھر واقع دارالعلوم غربی خلیل منتقل ہو چکے ہیں۔ احباب سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

۞ مکرم چوہدری وسیم احمد صاحب نشیمن ٹینٹ سروس ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے ماموں مکرم شوکت پرویز صاحب یونیورسٹی روڈ کراچی کو ڈاکٹرز نے بائی پاس آپریشن تجویز کیا ہے جو کہ چند روز تک متوقع ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا کرے اور ہر قسم کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

۞ مکرم امان اللہ مبصر جوئیہ صاحب نائب صدر بیت الہدیٰ سڈنی آسٹریلیا تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم ملک جہانگیر محمد جوئیہ صاحب ایڈووکیٹ جوہر آباد سابق امیر ضلع خوشاب حال سڈنی آسٹریلیا ہسپتال میں داخل ہیں اور سخت بیمار ہیں اور بہت کمزور ہو چکے ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

۞ مکرمہ بشریٰ نسیم صاحبہ اہلیہ مکرم مرزا نسیم بیگ صاحب لاہور نائب ناظم انصاراللہ علاقہ لاہور لکھتی ہیں۔

میرے بہنوئی مکرم زبیر احمد ہاشمی صاحب کینیڈا میں شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم خواجہ محمد سلطان صاحب دارالذکر لاہور کے والد محترم خواجہ محمد لیٰسین صاحب دارالرحمت غربی ربوہ عرصہ سے بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

تکمیل ناظرہ قرآن

۞ عزیزہ مہرین عروج احمد بنت مکرم صابر احمد صاحب واقفہ نو نے چار سال پانچ ماہ اور سولہ دن کی عمر میں قرآن مجید مکمل کر لیا ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو یہ اعزاز مبارک فرمائے۔

ضرورت سیکیورٹی گارڈز

۞ محلّہ طاہر آباد غربی ربوہ میں رات کی ڈیوٹی کیلئے دو عدد لائسنس یافتہ اسلحہ ہولڈرز چاق و چوبند سیکیورٹی گارڈز کی ضرورت ہے۔ ماہانہ الاؤنس کم از کم چار ہزار پانچ صد روپے ہوگا۔ ربوہ کے رہائشی اپنے محلّہ کے صدر صاحب کی تصدیق اور سفارش کے ساتھ رابطہ کریں۔ فون نمبر: 0333-6712566

(صدر محلّہ طاہر آباد غربی ربوہ)

سانحہ ارتحال

۞ مکرم رفیع رضا قریشی صاحب حلقہ گلستان جوہر شمالی کراچی تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ ساجدہ رضوی صاحبہ بیوہ مکرم قریشی عزیز احمد صاحب بھاگلپوری مورخہ 28 مئی 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ آپ نے اپنی ایک سالہ بیماری کو نہایت صبر اور ہمت سے برداشت کیا۔ آپ 23 مئی 1932ء کو پیدا ہوئیں۔ آپ حضرت مولوی سید محمد رضوی صاحب رفیق مسیح موعود (وکیل ہائی کورٹ، حیدرآباد دکن) کی سب سے بڑی پوتی تھیں آپ کی نماز جنازہ مورخہ 29 مئی 2008ء بعد نماز فجر بیت النور، النور سوسائٹی کراچی میں مکرم طاہر احمد کاشف صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ بعد ازاں تدفین مقامی قبرستان باغ احمد میں ہوئی اور قبر تیار ہونے پر مکرم مربی صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

یکے از تین صد تیرہ رفقاء احمد

حضرت مولوی سلطان محمود صاحب۔ مدراس (بھارت)

بھارت کے انتہائی جنوب حصہ کے مشہور شہر مدراس میں احمدیت ابتدائی سالوں ہی میں آ گئی تھی اور جلد ہی ایک مخلص جماعت اس علاقے میں قائم ہو گئی تھی اس جماعت کے روح رواں حضرت سیٹھ عبدالرحمن صاحب تھے جن کو حضرت اقدس کی شہرت یافتہ تصنیفات نے کھینچا اسی چاہت نے آپ کو حضور کی تالیفات منگوانے پر مجبور کیا۔ حضور کی ابتدائی کتب فتح اسلام اور آئینہ کمالات اسلام وغیرہ جب مدراس پہنچیں تو شہر میں ان کا چرچا ہوا اور حضرت مسیح موعود کے دعویٰ کی خبر لوگوں کو ملی اسی اثناء میں مدراس کے ایک ذی علم وجود حضرت مولوی سلطان محمود صاحب تک بھی یہ صدا پہنچی انھوں نے جب حضور کی کتب کا مطالعہ کیا تو بغیر کسی تردد کے حضرت اقدس کی صداقت کے قائل ہو گئے۔ حضرت سیٹھ عبدالرحمن صاحب مدراسی مدراس میں احمدیت کے چرچے اور حضرت مولوی سلطان محمود صاحب کے اس طرف میلان کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''......کتاب آئینہ کمالات اسلام کی خبر پا کے انھیں کو میں نے جلد وی پی مدراس کے پتہ پر روانہ کرنے کے لیے فرمائش دی اور میں مدراس واپس گیا اس وقت یہ کتابیں پہنچ گئی تھیں غرض پھر اسی طرح سے میں اس کا چرچا کرتا رہا اور سلطان محمود صاحب اور ان کے برادر زادہ اپنی جگہ پر باہم اس بارے میں بحث کرتے تھے اور آخر وفات عیسیٰ پر دونوں کا اتفاق ہو گیا اور سلطان محمود صاحب نے مجھے خط لکھا اور حضور کی کتابوں کی خواہش ظاہر کی اس خط کے طرز تحریر سے یہ پتہ لگ گیا کہ حضور کی جانب ان کا حسن ظن ہے غرض میرے پاس جو کتابیں موجود تھیں وہ تو بھیج دیں اور آئینہ کمالات اسلام ایک مولوی کو دی تھی ان سے لینے کو لکھ دیا اور پھر میں ملاقات کی اور میرے سے زیادہ ان کا میلان حضور کی طرف پایا اور اس وقت تک وفات عیسےٰ پر مجھے کامل یقین نہ ہوا تھا مگر ان کے دوستوں، مولویوں سے غرض ان کا حضور کی طرف رجوع کرنا بڑی تقویت کا باعث ہو گیا اور قلیل عرصہ میں ایک چھوٹی سی جماعت مہیا ہو گئی ہے اور شہر میں زور شور کے ساتھ اس کی شہرت ہونے لگی...... حضور کی طرف کمال درجہ کا یقین بڑھتا گیا یہاں تک کہ حضور کی خدمت میں خط لکھا گیا اور جس قدر لوگ اس وقت تک اس سلسلہ میں شریک ہوئے تھے ان سب کے دستخط لیے گئے......''

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ 148 از حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب)

یہ تقریباً 1893ء کی بات ہے اس کے بعد حضرت سیٹھ عبدالرحمن صاحب مدراسی جنوری 1894ء میں حضرت مولوی حسن علی صاحب یکے از 313 کی معیت میں قادیان تشریف لائے اور دستی بیعت کا شرف حاصل کیا، حضرت مولوی سلطان محمود صاحب تو نہ آ سکے لیکن حضرت سیٹھ صاحب کی واپسی کا بے چینی سے انتظار کرنے لگے کہ ان سے مل کر حضرت امام الزمان کے آنکھوں دیکھے حالات معلوم ہوں چنانچہ حضرت سیٹھ صاحب فرماتے ہیں:

''......حضور سے جدا ہو گئے پھرتے پھراتے کوئی ایک مہینے کے بعد مدراس پہنچے وہاں حضرت مولوی سلطان محمود صاحب نے بڑا ہی اہتمام فرمایا تھا سٹیشن سے سیدھا میلاپور لے گئے اور پر تکلف دعوت دی ساتھ ہی اس ناچیز کو ایک ایڈریس بھی دیا صدہا مخالف بھی اس وقت جمع تھے......''

(مکتوبات احمدیہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ 81)

غرض یہ کہ مدراس میں جلد ہی ایک جاں نثار اور مخلص جماعت تیار ہو گئی، حضرت اقدس مسیح موعود نے مخالفین کو اپنی الہامی پیشگوئیوں ینصرک رجال نوحی الیھم من السماء اور یاتون من کل فج عمیق کے پورا ہونے کی خبر دیتے ہوئے فرمایا:

''......کس کو معلوم تھا کہ ایسے سچے اخلاص اور محبت سے لوگ مدد میں مشغول ہو جائیں گے دیکھو کہاں اور کس فاصلہ پر مدراس ہے جس میں سے خدا تعالیٰ کا ارادہ سیٹھ عبدالرحمن حاجی اللہ رکھا کو مع ان کے تمام عزیزوں اور دوستوں کے کھینچ لایا جنہوں نے آتے ہی اخلاص اور خدمات میں وہ ترقی کی کہ...... کے رنگ میں محبت پیدا کر لی......''

(سراج منیر روحانی خزائن جلد 12 صفحہ 67)

حضرت مولوی سلطان محمود صاحب نے بھی اس اخلاص اور خدمت میں اپنے آپ کو پیچھے نہیں رکھا اور دن بدن آگے ہی بڑھتے گئے، سلسلہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔ حضرت اقدس نے اپنی کتاب سراج منیر کے آخر میں ''فہرست آمدنی چندہ برائے طیاری مہمان خانہ و چاہ وغیرہ'' کے تحت اسماء درج فرمائے ہیں جہاں حضرت مولوی سلطان محمود صاحب کے بیس آنے چندہ کا ذکر ہے۔

(روحانی خزائن جلد 12 صفحہ 85)

17 فروری 1897ء کو حضور نے ایک اشتہار بعنوان ''جماعت مخلصین کی اطلاع کے لیے'' شائع فرمایا جس میں قادیان میں مہمانوں کے لیے ایک مکان اور ایک کنواں تیار کرنے کی تحریک فرمائی اور احباب جماعت کو چندہ میں شامل ہونے کی تحریک فرمائی اور آخر پر فرمایا ''اور اب تک رقوم چندہ جو ہمیں وصول ہوئی ہیں بہ تفصیل ذیل ہیں...

(8) مولوی سلطان محمود صاحب مدراس (بیس آنے)

حضرت اقدس مسیح موعود جب حضرت سیٹھ عبدالرحمن صاحب مدراسی کے نام خط تحریر فرماتے تو علاوہ دیگر دوستوں کے آپ کو بھی سلام لکھتے چنانچہ مکتوبات احمدیہ جلد پنجم حصہ اول میں حضرت سیٹھ صاحب کے نام مکتوبات میں مکتوب نمبر 14 اور مکتوب نمبر 35 میں آپ کے نام بھی السلام علیکم رقم ہے

''... بخدمت اخویم صاحبزادہ احمد عبدالرحمن صاحب اور اخویم سیٹھ صالح محمد صاحب اور اخویم مولوی سلطان محمود صاحب السلام علیکم۔

راقم

خاکسار مرزا غلام احمد عفی عنہ از قادیان

9/4/98ء

1896ء میں جب حضور نے اپنی کتاب انجام آتھم تصنیف فرمائی تو اس کے آخر میں اپنے 313 رفقاء کی فہرست بھی درج فرمائی، آپ کا نام بھی 124 نمبر پر موجود ہے:

124۔ مولوی سلطان محمود صاحب میلاپور مدراس

(انجام آتھم روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 326)

اسی طرح فروری 1898ء میں حضور نے گورنمنٹ کے نام ایک اشتہار شائع فرمایا جس میں اپنی پُرامن جماعت کے 316 افراد کے اسماء درج فرمائے اس فہرست میں بھی آپ کا نام 64 نمبر پر درج ہے:

64۔ مولوی سلطان محمود صاحب اکونٹ میلاپور مدراس

(کتاب البریہ روحانی خزائن جلد نمبر 13 صفحہ 352)

حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد آپ خلافت کے ساتھ وابستہ رہے مدراس میں ہونے والے جماعتی پروگراموں کو کامیاب بنانے میں بھرپور سعی کرتے۔ 1915ء میں حضرت مصلح موعود کی ہدایت اور نگرانی کے ماتحت قرآن شریف کے پہلے پارہ کی تفسیر انگریزی اور اردو ہر دو زبانوں میں تیار کرا کے شائع کی گئی جس نے نہ صرف ہندوستان میں بلکہ یورپ کے علم دوست حلقہ میں بھی ایک ہلچل پیدا کر دی۔ انگریزی پاروں کا کام مدراس میں بھی ہوا حضرت مفتی محمد صادق صاحب اس سلسلے میں مدراس گئے۔

(الفضل 18/4 اپریل 1916ء صفحہ 1 کالم 1) حضرت مولوی سلطان محمود صاحب نے بھی طباعت ترجمہ قرآن کے سلسلے میں تصحیح وغیرہ کے متعلق بہت محنت کی۔

1916ء میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے اپنے دورہ مدراس کے دوران چند وعظ فرمائے جس پر مخالفین کی طرف سے شور بپا ہو گیا اور بعض وعظوں میں فسادی بھی بھیجے گئے لیکن حضرت مولوی سلطان محمود صاحب کی فراست نے پہلے سے پولیس کا انتظام کرا دیا اور ہر قسم کے پُرامن ماحول میں وعظ ہوتا رہا۔

(الفضل 3 جون 1916ء صفحہ 2 کالم 1)

آپ نے 1917ء میں وفات پائی اخبار الفضل نے آپ کی خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:

''مولوی سلطان محمود صاحب مدراس جو حضرت مسیح موعود کے پرانے خادم تھے اور جنھوں نے طباعت ترجمہ قرآن کے زمانہ میں تصحیح وغیرہ کے متعلق مدراس میں بڑی محنت کی تھی فوت ہو گئے ہیں...... اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت نعیم میں جگہ دے، احباب سے درخواست ہے کہ ان کی نماز جنازہ پڑھیں۔''

(الفضل 15 دسمبر 1917ء صفحہ 2 کالم 3)

آپ کی وفات سے جماعت احمدیہ مدراس ایک مخلص وجود سے محروم ہو گئی تاہم آپ کے خاندان نے اخلاص اور خدمت دین کے پہلو کو جاری رکھا، 1926ء میں سلسلہ احمدیہ کے مربی حکیم خلیل احمد صاحب مونگھیری مدراس تشریف لے گئے جہاں وہ زخمی ہو گئے ان ایام میں مدراس کی جماعت کے حسن سلوک کے متعلق محترم مونگھیری صاحب نے لکھا:

''......مدراس میں میرے محترم بزرگ جناب حکیم محمد سعید صاحب چودھری اور مولوی سلطان محمود صاحب مرحوم کے خاندان کے لوگوں نے اور دوسرے احمدی بھائیوں نے میرے ساتھ بہت محبت و ہمدردی کا سلوک کیا اور میری خدمت کی، جزاہم اللہ احسن الجزاء۔ (الفضل 26 جولائی 1926ء صفحہ 2 کالم 1)

تعارف کتب

الہلال یو۔ ایس۔ اے

امریکہ میں احمدی بچوں کے اندر لکھنے اور پڑھنے کے جذبہ کو اجاگر کرنے کے لئے محترم امیر صاحب امریکہ کے زیر سرپرستی بچوں کا سہ ماہی رسالہ الہلال انگریزی میں شائع کیا جاتا ہے۔ صد سالہ جوبلی کے سال کی مناسبت سے 2008ء کی پہلی سہ ماہی کا رسالہ خلافت کے موضوع پر شائع ہوا اس رسالہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی سیرت و سوانح پر 9 سے 14 سال کے بچوں کے مضامین اور نظمیں شائع کی گئی ہیں اور آخری صفحہ پر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے پروگرام کی کامیابی کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جو دعائیہ پروگرام دیا تھا اس کی تمام دعائیں انگلش ترجمہ کے ساتھ شائع کی گئی ہیں۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کے معصومیت سے بھرے خلافت اور خلفاء کے لئے لکھے گئے مضمون بہت ہی پیارے اور دلکش ہیں اور بچوں کی خلافت سے محبت کا اظہار بھی ہیں۔ خدا تعالیٰ خلافت کی برکتوں سے ان کو اور آئندہ نسلوں کو بھی فیضیاب کرتا رہے اور یہ بابرکت سایہ تا قیامت قائم رہے (آمین)

پہاڑ، سرسبز وادیاں، خوشبوئے گُل اور برفوں سے نکل آنے والی خوبصورت ندیوں پر مشتمل

یاسین سے اشکومن کا دلفریب اور معروف ہائیکنگ ٹریک

مکرم اعجاز احمد کلیم صاحب

رخ کائنات کو خالق کائنات نے اپنی قدرت کاملہ سے مزین کیا ہے جس کی ایک جھلک سرزمین پاکستان کا شمال ہے جہاں رنگ ونکہت کا سیلاب ہے۔ بہاروں کا بسیرا ہے خوشبوؤں کا پھیرا ہے۔ جہاں تند و تیز سیماب صفت نالے ندیوں میں اور ندیاں دریاؤں میں پناہ گاہیں تلاش کرتی ہیں جن کے سرمدی نغمے کانوں میں رس گھولتے ہیں اور چرخ دولابی بادلوں سے آنکھ مچولی کھیلتی پربتوں کی برفپوش چوٹیوں سے بوسہ زن ہے۔ جن کی دلآویز بلندیوں کی داستانیں مشہور عالم ہیں۔

ذیل میں ایک ایسے ٹریک کی تفصیل پیش کی جارہی ہے جس کے نظارے نہ صرف دل ودماغ کے لئے باعث کیف ونشاط ہیں بلکہ کوہ نوردی ہائیکنگ اور ٹریکنگ کے شوقین لوگوں کے لئے باعث تسکین بھی ہیں۔

تین دنوں پر مشتمل یہ ٹریک شمالی علاقہ جات میں ضلع غذر کی وادی یاسین کے ایک گاؤںساندی سے شروع ہوتا ہے اور درہ اسمبر (4400 میٹر) اور درہ برتھا بتھی (4410 میٹر) کے اس پار وادی اشکومن کے گاؤں شونس اور پکورا کے سنگم پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

ٹریک کے نقطہ آغاز تک پہنچنے کے لئے آپ کو پہلے گلگت جانا پڑے گا۔ گلگت کے پونیال روڈ کے اڈے سے وادی یاسین جانے کے لئے گاڑی دستیاب ہے۔ گلگت سے یاسین جانے کے لئے دوپہر کے بعد گاڑیاں نکلنا شروع ہوتی ہیں۔ لیکن اگر آپ ایسے وقت گلگت پہنچیں کہ جب سب گاڑیاں جاچکی ہوں تو گاہکوچ کے لئے گاڑی پکڑیں اور گاہکوچ میں شب بسری کے بعد صبح وہاں سے یاسین کے لئے گاڑی حاصل کریں۔ یادرہے کہ آپ نے ساندی کی گاڑی پر جانا ہے کیونکہ اگر آپ طاؤس یا ہندر کی گاڑی پر بیٹھیں گے تو طاؤس سے ساندی تک آپ کو پیدل سفر کرنا پڑے گا جو کہ زیادہ سامان کی وجہ سے ایک مسئلہ بھی ہوسکتا ہے۔ گلگت سے ساندی (یاسین) کے سفر کا آغاز دریائے گلگت کی قربت میں اس کے جنوبی کنارے پر شروع ہوتا ہے۔ گلگت سے باہر نکل کر وادی کسی قدر سمٹتی ہے۔ بل کھاتے دریا کے پہلو میں یہ سفر ایک انوکھی مسرت لئے ہوئے ہے۔ غذر کے ضلع میں داخل ہوکر دریا تو وہی رہتا ہے لیکن اس کا نام دریائے گلگت سے بدل کر دریائے غذر ہو جاتا ہے۔ جہاں سے وادی تنگ ہے وہاں دریا کا شور سن کر یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہزاروں بدروحیں مل کر چیخ رہی ہیں۔ سفر کا یہ پہلو یقیناً آپ کی طبع پر ناگوار گزرتا ہے۔ لیکن مناظر کی خوبصورتی پھر آپ کی توجہ اپنی طرف مبذول کرلیتی ہے۔ کچھ دیر بعد آپ شیر قلعہ پہنچتے ہیں جو گلگت سے پینتیس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اور دریا کے پار ایک خوبصورت منظر پیش کرتا ہے۔ ایک معلق پُل چنگھاڑتے دریا کے پار شیر قلعہ کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

شیر قلعہ کو شیر قلعہ اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ اس کو فتح کرنا کافی مشکل ثابت ہوا تھا۔ ایک ڈیڑھ سو برس پرانا پہرے کا مینار پولو کے میدان کے آخر میں داستان ماضی بیان کرتا نظر آتا ہے جہاں جنگ کے دنوں میں لوگ پناہ گزیں ہوا کرتے تھے۔ شیر قلعہ سے ایک ٹریک درہ بچار (4000 میٹر) سے گزر کر نلتر کی وادی کی جانب راستہ فراہم کرتا ہے۔

شیر قلعہ سے اگلا اہم مقام سنگل ہے جو شیر قلعہ سے مزید سولہ کلومیٹر مغرب میں واقع ہے۔ یہاں بائیں طرف سے ایک چاندی جیسے پانی کی پُرسکون ندی اپنے آپ کو غذر کے بڑے دریا کے حوالے کرتی ہے۔ سنگل سے آگے وادی یکا یک پھیلتی ہے اور دریا کئی شاخوں میں منقسم ہے۔ یہاں کئی ندیوں کے بیچوں بیچ پھیلا قدرتی جنگل ہے جو ہر رنگ کی نباتات کا مسکن ہے۔ یہ خوبصورتی شاید پورے شمالی علاقہ جات میں اور کہیں دیکھنے کو نہ ملے۔ سست روی سے بہتے دریا کا ہر دھارا ڈوبتے سورج کی سنہری کرنوں کو منعکس کرتا ہے۔ رنگ ونور کا یہ سیلاب یقیناً جاذب نگاہ ہے۔

کچھ دیر میں آپ گاہکوچ پہنچتے ہیں جو ضلع غذر کا صدر مقام ہے۔ غذر کے ضلع میں بالائی وادی گلگت، اشکومن اور یاسین شامل ہیں۔ غذر میں پھلوں کے باغات ہیں اور یہ ڈھلوانی سطح پر ہے۔ یہ علاقہ کھیتوں کے لئے معروف ہے۔ مقامی لوگ اپنے علاقے کو وہ جگہ قرار دیتے ہیں۔ جہاں جنت اور زمین ملتے ہیں۔ چمکدار پانی کی ندیاں، پن چکیاں اور امن وسکون سے بھرپور دیہی زندگی، یہی اس علاقے کا خاصہ ہے جو غذر کو شمالی علاقہ جات کے باقی مقامات سے جدا مقام عطا کرنے کا موجب ہے۔

گاہکوچ سے کچھ فاصلے پر درمدر ہے جو کہ ایک خوبصورت گاؤں ہے۔ دریائے غذر پر اگلا مقام گوپس ہے جو کہ ایک بڑا قصبہ ہے۔ گوپس کے نزدیک ہی دریائے یاسین اور دریائے غذر آپس میں ملتے ہیں۔ سیدھی سڑک درہ شندور (3734 میٹر) کی طرف جاتی ہے جبکہ دائیں طرف ایک معلق پل سے دریا کو پار کرنے کے بعد آپ وادی یاسین میں داخل ہوتے ہیں اور دریائے یاسین کے دائیں کنارے اپنا سفر شروع کرتے ہیں۔ وادی یاسین سطح سمندر سے 2100 سے 2750 میٹر بلند ہے سخت چٹانی پہاڑی سلسلے کی عدم موجودگی کی وجہ سے وادی میں آمدورفت کافی آسان ہے۔ ہموار زمین، کشادگی اور پانی کی فراوانی نے یہاں کے لوگوں کے لئے زراعت کو آسان کردیا ہے۔

کچھ دیر کا مزید سفر آپ کو وادی یاسین کے صدر مقام یاسین لے جائے گا۔ یاسین کا قصبہ سطح سمندر سے 2650 میٹر بلند ہے۔ یہاں کے لوگوں کی زبان براشکی ہے۔ لیکن چترالی زبان کھوار بھی بولی جاتی ہے۔ یہاں کے لوگوں کی سب سے اہم خوبی خوش اخلاقی اور مہمان نوازی ہے۔ عام طور پر مہمانوں کو دہی، لسی، دیسی گھی روٹی اور نمکین چائے پیش کی جاتی ہے۔ میزبان باری باری مہمان کے سامنے روٹی پیش کرتا ہے اور مہمان ایک لقمہ توڑتے ہیں۔ باقی بچی ہوئی روٹی سے میزبان لقمہ لیتا ہے۔ پہلا لقمہ مہمان اپنے منہ میں ڈالتا ہے اور کھانے کا آغاز ہوتا ہے۔ بظاہر دیکھنے میں یہ ایک سادہ سی بات ہے لیکن اس کی تہہ میں چھپی ہوئی محبت اور چاہت کی چاشنی کو انسان محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اگر آپ کسی کے گھر قیام کریں تو گھر کا بہترین کھانا اور بہترین بستر آپ کے لئے ہے لیکن اس کے باوجود میزبان کے چہرے پر شرمندگی کے آثار دیکھنے کو ملیں گے کہ جیسے یہ سب کچھ آپ کے شایان شان نہیں اور اس نے آپ کے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔

یاسین سے آگے تقریباً بیس منٹ سفر کے بعد آپ طاؤس پہنچتے ہیں۔ طاؤس سے سیدھی سڑک برقلتی اور ہندر سے ہوتی ہوئی درکوت گاؤں تک جاتی ہے جو کہ وادی یاسین میں آخری گاؤں ہے۔ جہاں سے بالترتیب شمالی سمت درہ درکوت پار کرکے بروغل اور داہنی طرف درہ اشکومن عبور کرکے اشکومن کی وادی تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

طاؤس سے دائیں طرف سڑک کو چھوڑ کر دریائے یاسین کے پار ساندی کی طرف جانے کے لئے ایک کچا جیپ کا راستہ ہے جو کہ آپ کو پندرہ سے بیس منٹ میں ساندی بالا لے جائے گا۔ گاؤں کے آخر میں گھاس پر کیمپ کے لئے انتہائی مناسب جگہ ہے۔ ساندی پہنچ کر پورٹر اور گائیڈ کا بندوبست کرلیں۔ یہاں پورٹر اور گائیڈ بہت سستے ہیں کوشش کریں کہ ان کو پیسے زیادہ دیئے جائیں کیونکہ وہ راستے میں خیمہ لگانے اور کھانا پکانے تک میں ہر لحاظ سے مدومعاون ثابت ہوں گے۔

پہلا دن

اگر آپ صبح پانچ بجے اپنے سفر کا آغاز کریں تو سہ پہر تین بجے تک آپ آسانی سے مایور تک پہنچ سکتے ہیں۔ گاؤں کے بالکل آخر میں انتہائی شفاف پانی کی ندی ہے جس میں گویا چاندی بہتی ہے۔ ندی کے پار بائیں طرف پھر چند گھر دکھائی دیتے ہیں جو کہ پھلوں کے درختوں سے گھرے ہوئے ہیں۔ آہستہ آہستہ سبزہ ختم ہوتا ہوا نظر آتا ہے اور اس کی جگہ ایک پتھریلی پگڈنڈی لے لیتی ہے۔ پگڈنڈی مشرقی سمت مڑتی ہے اور پہاڑوں کے بیچ ایک گلی میں داخل ہوتی ہے۔ ایک بڑا اور خوفناک چنگھاڑیں مارتا پہاڑی نالا آپ کے دائیں ہاتھ ہے جس کو یاسین کے لوگ بعض اوقات پونیال کا دریا بھی کہتے ہیں۔ ابتداء میں پتھروں اور دریا کے سوا کچھ بھی نہیں تھا لیکن یہی خشک سنگ ریزے اور بنجر پہاڑیاں وعدہ فردا کا یقین دلاتی ہیں کہ ہمت کرو آگے بہت کچھ ہے۔ ڈیڑھ سے دو گھنٹے کے بعد طبعی خدوخال میں تغیر رونما ہوتا ہے۔ پگڈنڈی کسی قدر ہموار جگہ کی صورت اختیار کرتی ہے اور آپ تھوڑے تھوڑے وقفے سے بالترتیب آغوسم اور انوگٹ کی بستیوں کے پاس سے گزرتے ہیں۔ جہاں کچھ لوگ اپنے مال مویشیوں کے ساتھ موجود ہیں۔ یہاں کسی گائے کے بولنے کی آواز دریا کے بلند شور سے مل کر عجیب تال دیتی ہے۔ مسلسل بلند ہوتی ہوئی وادی کے پس منظر میں گندم اور جو کی فصل ایک عجیب بہار پیش کرتی ہے۔ دور بہت دور برفپوش پہاڑ دکھائی دیتے ہیں۔ جو آپ کے حوصلے کی مسلسل داد دے رہے ہیں۔

کچھ دیر بعد ایک پگڈنڈی آپ کو ایک بڑی آبشار تک لے جاتی ہے۔ زوردار آواز سے پہاڑ سے نیچے بہتی ہوئی بڑے نالے میں اترتی ہے۔ اس کے پانی میں ترنم ہے ایک مستی ہے۔ پتھروں سے اٹھکیلیاں کرتی آبشار کی نغمہ ناز زباں بلاشبہ دل کے تاروں کو چھیڑتی ہے۔ یہاں کچھ دیر رک کر تازہ دم ہوا جاسکتا ہے۔ ندی سے تھوڑا مزید آگے آپ انوٹکا کی چراگاہ تک پہنچتے ہیں جو کہ ایک سرسبز وشاداب علاقہ ہے۔ کھیتوں اور کھالوں کی پگڈنڈیوں پر سفر کرتے آپ یہاں سے گزرتے چلے جاتے ہیں۔ فطرت اپنے جوبن پر ہے۔ یہاں لوگ ملنسار ہیں جو آپ کو لسی اور چائے پیش کریں گے۔ ان سادہ لوگوں کی صحبت تھوڑی دیر کے لئے تھکان دور کردیتی ہے۔ انوٹکا سے آگے زیادہ تر سفر ہموار جگہ پر ہے لیکن کہیں کہیں پتھر ہوسکتے ہیں۔

کچھ دیر کا مزید سفر آپ کو گامس کی چراگاہوں تک لے جائے گا۔ پہاڑوں پر مسلسل تبدیلی کے آثار دیکھے جاسکتے ہیں۔ سبزہ خشکی اور بنجر پن کی جگہ لے رہا ہے۔ اکثر مقامات پر سرسبز جھاڑیاں پہاڑوں پر تاحد نگاہ دیکھی جاسکتی ہیں۔ برفپوش پہاڑوں کی قربت میں یہ منظر انتہائی دلکش ہے۔ گامس سے کچھ فاصلے پر مایور

ہے۔ ایک پیالہ نما میدان جہاں پر جنوبی سمت سے ایک بڑا پہاڑی نالہ نیچے آتا ہے۔ اس نالے کو پار کر کے آپ اس پیالے میں داخل ہوتے ہیں۔ مایور نامی یہ جگہ اپنی تمام تر خوبصورتی دلکشی اور رعنائی کے ساتھ آپ کی چشم براہ ہے۔ اس کی سطح سمندر سے بلندی (3550 میٹر) ہے۔ یہاں سے ایک راستہ جنوبی سمت میں درمدر کے مقام کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ یاد رہے یہاں سے درمدر دو دن کی مسافت طے کر کے پہنچا جا سکتا ہے۔ مایور کیمپ کے لئے بہترین جگہ ہے۔

دوسرا دن

دوسرا دن اس سفر میں بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ آج آپ نے درہ برتھا برتھی پار کر کے وادی اشکومن میں داخل ہونا ہے۔ صبح جلدی اٹھ کر منہ اندھیرے اپنے سفر کا آغاز کریں۔ یہاں بلندی کی وجہ سے شدید سردی ہے۔ لیکن پھر بھی ایک تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ لرزش صبا میں برگ گل کی مہک بے خودی طاری کر دینے کے لئے کافی ہے۔ سبزہ کی چادر نے ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ ذرا فاصلے پر بلند ہوتے پربتوں پر سبزے میں کہیں کہیں برف کے قطعات دکھائی دیتے ہیں۔ سبزے اور سفیدی کا یہ حسین امتزاج انوکھا ہے۔ اس سرزمین سحر و اسرار کے بھرپور نظاروں کے جلوے سے اپنی نظر تشنہ کو سیراب کرتے ہوئے خراماں خراماں آگے بڑھتے چلے جائیں۔ بہشت بریں کی عکس اس وادی کے نظارہ جمال میں گم آپ کو تھوڑا آگے ایک چھوٹی سی جھیل دکھائی دیتی ہے۔ وفور شوق سے آپ اس کی طرف بھاگ پڑتے ہیں۔ جھیل کے ساکت پانی میں آوارہ بادلوں اور نیلگوں آسمان کا عکس جھیل کی فسوں خیز سندرتا کا پتہ دیتا ہے۔ سرسبز تمکنت صاف شفاف بے عیب و داغ اور سانچہ خاص میں ڈھلے اس خطہ ارض کو کیا کہئے ایک باغ ایک گلستان یا باس گل سے مہکتا ہوا لالہ زار مختصر یہ کہ نوک قلم میں تاب نہیں کہ اس کی سحر ارزانی کو الفاظ کا روپ دے سکے۔

ان مناظر کو اپنی بینائی میں جذب کر کے بوجھل دل سے جھیل کو الوداع کہیں۔ منظر حسین سے حسین تر ہوتے جا رہے ہیں۔ جا بجا یاکوں کے چرتے غول دکھائی دیتے ہیں۔ بعض اوقات پہاڑ کی بلندی پر سبزے کے بیچ میں کوئی یاک ایک نقطے کی مانند دکھائی دیتا ہے۔ مسلسل بلند ہوتا ہوا راستہ آپ کے سانس کی آزمائش کر رہا ہے لیکن انعام ان یکتائے روزگار نظاروں کی صورت میں ملتا ہے۔ کئی چھوٹی چھوٹی لکیر نما ندیاں بشکل نسیم بہتی جنت کا منظر پیش کرتی ہیں۔ جن کا پانی شاید آب حیات سے بھی زیادہ مفرح ہے۔ دائیں طرف برف پوش پہاڑ ہے۔ جس کی برفیں آنکھوں میں چکا چوند پیدا کر رہی ہیں۔ کہیں کہیں برف کے قطعات سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔

کچھ دیر بعد آپ ایسی جگہ پہنچتے ہیں۔ جہاں دائیں طرف ذرا نیچے برف کا ایک وسیع ریگزار دکھائی پڑتا ہے۔ برفوں کے درمیان پانی ایک جھیل کی مانند اکٹھا ہو گیا ہے۔ سفید برف پر ہلکا سبز پانی ذہن پر ایک خوشگوار تاثر چھوڑتا ہے اور انسان بے اختیار اپنے آپ کو کائنات سحر و طلسم کا باسی محسوس کرنے لگتا ہے۔

اس مقام پر پہنچ کر آپ دو طرح سے اپنے سفر کو جاری رکھ سکتے ہیں۔ بائیں طرف سرسبز و شاداب میدانوں پر ہلکی ڈھلوان پر درہ اسمبر (4400 میٹر) ہے تو دوسری طرف ذرا مشکل راستے پر درہ برتھا برتھی ہے۔ اپنے آپ کو ذرا مشقت کے لئے تیار کریں اور برتھا برتھی کا راستہ اختیار کریں۔ بیشک یہ تصور ہی روح فرسا اور دل دہلا دینے والا ہے کہ آپ اس لکیر نما راستے پر سفر کریں گے جس سے تقریباً سو فٹ نیچے برف کا ریگزار ہے۔ پھسلنے کی صورت میں یقیناً ہڈی پسلی ایک ہونے کا صد فیصد خدشہ ہے۔ لیکن آج کے دن کو اپنی آزمائش کا دن مانتے ہوئے اپنے آپ کو دلاسہ دیں اور اس زار و زبوں راستے کو خضر کارواں مانتے ہوئے اپنے قدموں کے گھوڑوں کو اس پر دوڑا دیں۔ نیچے دیکھے بغیر سامنے راستے پر نظر رکھتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جائیں۔ پتھر پھسلتے ہیں ایک پھسلے تو دوسرا لازمی پھسلتا ہے اور خبردار کرتا ہے کہ دیکھو محتاط ہو جاؤ پتھروں کو لازمی پھسلنا ہے لیکن آپ نے ان کے پھسلنے سے پہلے قدم اٹھا کے آگے رکھنا ہے۔ ذرا سی دیر خطرناک صورتحال کو جنم دے سکتی ہے۔ اسی راستے پر ایک موڑ مڑتے ہی دور کافی بلندی پر آپ کو برتھا برتھی کے درے کا تنگ اور بلند ترین مقام دکھائی دیتا ہے جس کے پار ایک جادو نگری ہے۔ طلسم ہوشربا ہے جہاں ابلتے چشمے ہیں اور کوہ و دمن میں سبزہ چھوٹا پڑا ہے جی ہاں یہ وادی اشکومن ہے اور آپ کا ہر اٹھتا قدم آپ کو اس کے قریب سے قریب تر کرتا چلا جا رہا ہے۔ جب آپ کے جوتوں میں خوب نوکیلے پتھر بھر جائیں پاؤں من من کے ہو جائیں اور قدم اٹھانا دوبھر ہو جائے تو آپ درے کے بلند ترین مقام کے آس پاس پہنچ چکے ہوں گے۔ اب قدموں میں تیزی آئے گی اور آپ چند لمحوں میں اس راستے کی سب سے اونچی جگہ پر ہوں گے۔ یہاں پہنچ کر راستے کی تمام تر تکلیف بھول جائے گی شاید یہ سفر اسی منظر کے لئے تھا۔

وادی یاسین کی جانب پہاڑ در پہاڑ ایک وسیع اور پتھریلا کوہستانی سلسلہ دکھائی دیتا ہے۔ جبکہ بجانب مشرق نگارخانہ قدرت میں وادی اشکومن اپنی تمام تر شادابی اور شگفتگی کے ساتھ آپ کے سامنے انجمن آرا ہے جس کے پار دور برف سے ڈھکے بلند پہاڑ دکھائی دیتے ہیں جو وادی اشکومن کو وادی ہنزہ سے جدا کرتے ہیں۔ ان پر آوارہ ابر کے ٹکڑے اور ہی دنیا کی کہانیاں سنا رہے ہوتے ہیں۔ لطیف سرسراتی ہوا میں ایک عجیب لوچ ہے جو اس بات کا شدت سے پتہ دیتا ہے کہ آپ بلندیوں پر ہیں۔ ان مناظر کی ملکوتی حسن کو دل و دماغ اور پلکوں پر اچھی طرح نقش کر لیں کیونکہ بلندیوں سے پستیوں کا سفر شروع ہونے والا ہے۔ آپ وادی یاسین میں ڈوب کر وادی اشکومن میں طلوع ہونے والے ہیں۔

لیجیے نیچے اترنے کا مرحلہ شروع ہوا۔ سرسبز و شاداب ڈھلوان آپ کے سفر میں تیزی پیدا کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوگی۔ اپنی رفتار کو دھیمی رکھنے کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی اور آپ لمحوں میں کہاں سے کہاں پہنچ جائیں گے۔ بس نیچے، نیچے اور نیچے پیروں کی انگلیاں لڑکھڑاتی ہیں اور فریاد کرتی ہیں لیکن ڈھلوان سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو مفقود کر دیتی ہے اور آپ مسلسل دوڑتے ہوئے درہ برتھا برتھی سے دور اور دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ سطح زمین کا زاویہ ذرا سا بدلتے ہی رفتار کم ہو جاتی ہے۔ پیچھے مڑ کر دیکھیں تو پیچھے درہ بادلوں میں لپٹا نظر آتا ہے۔ یقین نہیں آتا کہ اتنی بلندی کتنی جلدی پستی میں تبدیل ہوگئی۔ بلندیوں اور پستیوں کا یہ کھیل ابھی جاری ہے اور آپ مسلسل ایک بڑے گھاس کے میدان کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ بائیں طرف اسمبر کے درے کے نیچے بلند سرسبز ٹیلے ہیں ان ٹیلوں کی پگڈنڈیوں پر پہنچ کر رفتار مزید دھیمی پڑ جاتی ہے لیکن بلندی ابھی ختم نہیں ہوئی یوں محسوس ہوتا ہے جیسے تحت الثری میں جا پہنچیں گے۔ نیچے نیچے اور نیچے تھوڑی دیر کا مزید سفر آپ کو ہموار میدان میں لے آئے گا۔ تھوڑا آگے جا کر ایک ندی پار کریں۔ دائیں طرف مزید کم بلند ٹیلے نظر آتے ہیں۔ اسمبر کے دریا کو بائیں ہاتھ رکھتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھیں۔ کچھ ٹیلے آپ کے راستے میں بھی آئیں گے۔ تھوڑے سے ٹیلوں پر اپنے قدموں کو گھسیٹیں تو آپ برتھا برتھی جا پہنچیں گے۔ کیمپ کے لئے یہ مناسب جگہ ہے۔

تیسرا دن

صبح جلدی اٹھ کر اپنے سفر کی شروعات کریں۔ فضا میں خنکی بعض اوقات بدن پر کپکپی طاری کر دیتی ہے۔ آج آپ کا زیادہ تر سفر تنگ پگڈنڈیوں پر ہے۔ وادی سمٹ رہی ہے۔ دریا نزدیک ہوتا جا رہا ہے۔



آپ ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے ٹیلے کی پگڈنڈیوں پر جا رہے ہیں۔ تنگ پگڈنڈیوں اور نیچے خوفناک اشمبر کا دریا جو پتھروں سے سر پھوڑتا نامعلوم منزل کی جانب رواں دواں ہے۔ دل کو خوفزدہ اور ہراساں کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن تھوڑی سی احتیاط آپ کو ہر قسم کے خطرے سے دور رکھے گی۔ بعض اوقات ایک جیسے راستے پر چلتے چلتے اکتاہٹ طاری ہوجاتی ہے اور انسان سوچتا ہے کہ یہ راستہ کب ختم ہوگا۔ ہر ٹیلہ عبور کرنے کے بعد یہ احساس ہوتا ہے کہ شاید یہ آخری ٹیلہ ہے اور آخری پگڈنڈی ہے لیکن یہ سامنے نظر آنے والی ایک اور پگڈنڈی حوصلے کو پھر کسی قدر پست کر دیتی ہے۔ لیکن آپ نے حوصلہ ہارنا نہیں۔

لیجئے سامنے ہی ایک بہت بلند پہاڑ دکھائی دے رہا ہے اور ایک تنگ پگڈنڈی پہاڑ کے اوپر کی جانب راہنمائی کر رہی ہے۔ وادی مزید سمٹتی ہے دریا اور قریب آتا ہے لیکن انتہائی گہرائی میں بالکل ایک لکیر کی طرح نیچے بڑے بڑے پتھر ہیں جن سے دریا کا پانی ٹکراتا ہے اور پارے کی طرح اچھلتا ہے۔ آپ بلند سے بلندتر ہوتے جا رہے ہیں بعض اوقات رک کر اور آہستہ ہو کر چلنا پڑتا ہے ''ہر بلندی کو زوال ہے'' کے مصداق کچھ دیر بعد یہ تنگ راستہ آپ کو نیچے کی طرف لے جائے گا۔ آہستہ آہستہ دائیں طرف مڑتے ہوئے کچھ دیر میں آپ نیچے جا پہنچیں گے۔ یا حیرت یہ ہم کس جگہ آ پہنچے۔ ایک بڑا میدان گھاس، فصلیں، میدان کے آخر میں چند پتھروں کے بنے گھر اور دائیں طرف سے ایک چاندی جیسے پانی کی ندی گویا بہشت کا منظر پیش کرتی ہے جو آپ جیسے تھکے ماندے لوگوں کی تھکاوٹ دور کرنے کے لئے کافی ہے۔ کچھ دیر رک کر تازہ دم ہوں۔ اس جگہ کو خیر باد کہیں اور آگے روانہ ہوں۔ گھروں کے قریب سے گزرتے ہوئے ایک بار پھر تنگ ہوتی ہوئی وادی میں داخل ہو جائیں جہاں جھاڑیوں اور برچ کے درختوں کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ دریا اپنی مخصوص گرجدار آواز کے ساتھ آپ کا ہمراہی ہے۔ وادی دائیں سمت مڑ رہی ہے۔ ساتھ ساتھ آپ کا رخ بھی تبدیل ہوتا جا رہا ہے۔ دریا سے تقریباً 30 تا 40 منٹ دور ذرا تنگ راستہ ایک بار پھر آزمائش کر رہا ہے لیکن یہ آخری آزمائش ہے۔ جس سے آپ کو نبرد آزما ہونا ہے۔ سورج کی تیز کرنیں گرمی کی کیفیت پیدا کرتی ہیں لیکن تھکاوٹ کا زیادہ احساس نہیں ہوتا کیونکہ آپ مسلسل نیچے کی طرف جا رہے ہیں۔ مسلسل تین گھنٹے چلنے کے بعد آپ کو اشمبر گاؤں کے آثار نظر آتے ہیں۔ ڈھلوانوں پر بنے کھیت گندم اور جو کی فصل آبادی کا پتہ دیتی ہے۔ راستے سے ذرا اوپر دائیں طرف پتھروں کے بنے گھر ہیں۔ آخر کار جس راستے پر آپ سفر کر رہے ہیں وہ ایک پرانی جیپ کی سڑک میں ضم ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی اشکومن کا بڑا دریا بھی اشمبر کے دریا کو اپنے دامن میں سمیٹ لیتا ہے اور اس کی تندی اور تیزی کو سکون نصیب ہوتا ہے۔

جیپ کی اس پرانی سڑک پر چلتے ہوئے آپ آدھے گھنٹے میں دریائے اشکومن پر بنے ایک معلق پل پر پہنچتے ہیں۔ جس سے تھوڑا آگے بائیں طرف شونس اور دائیں طرف پکورا کا گاؤں ہے۔ آپ دائیں طرف ہو لیں اور چند منٹوں میں پکورا پہنچ جائیں۔ جہاں کے لوگ آپ کو یقیناً خوش آمدید کہیں گے۔ یہاں رات بسر کریں۔ اگلے روز صبح پانچ بجے گلگت کے لئے گاڑی دستیاب ہے۔ آپ گلگت جانے سے پہلے وادی اشکومن کو اچھی طرح سے دیکھ سکتے ہیں۔

آپ نے اشمبر اور برتھا برتھی کے درے کا معروف راستہ اپنے قدموں سے طے کیا جو وادی یاسین کو وادی اشکومن سے ملاتا ہے۔ اس کی حسین یادیں تا دیر آپ کے دل و دماغ کو فرحت اور تازگی بخشتی رہیں گی۔

یہاں سب کچھ ہے پہاڑ، سبزہ، خوشبوئے گل اور برفوں کے طلسم ہوشربا سے نکل کر آنے والی ندیاں۔ قصر فطرت کے ان در و بام کو خورشید جہاں تاب جلا بخشتا ہے۔ یہ خطہ ارض شبستان فطرت کا وہ چمکتا ہوا تارا ہے جس کے بغیر کائنات کا رنگ و نور نامکمل ہے۔ یہ وادیاں سرزمین پاکستان کے ماتھے کا وہ جھومر ہیں جن کے بغیر سولہ سنگھار ادھورے ہیں۔

جماعت قائم ہوگئی

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

''ہمارے ایک احمدی دوست چوہدری بشیر احمد صاحب ہیں جو ہمارے مربی منیر احمد صاحب کے والد ہیں۔ وہ انجینئر ہیں اور اپنے کام کے سلسلہ میں جہاز پر سفر کرتے رہتے ہیں۔ ان کو دعوت الی اللہ کا بہت شوق ہے۔ مرچنٹ نیوی میں جہاں کہیں جاتے دعوت الی اللہ کرتے۔ مڈغاسکر ایک جزیرہ ہے جو ماریشس کے شمال میں اور مشرقی افریقہ کے مشرق میں واقع ہے۔ جب وہ مڈغاسکر گئے تو ان کے حسن سلوک کی وجہ سے کچھ لوگ ان کے واقف بن گئے۔ وہاں زیادہ تر میمن آباد ہیں۔ جب انہوں نے دعوت الی اللہ شروع کی تو انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں یہ دعوت الی اللہ نہیں چل سکتی۔ یہاں تو دعوت الی اللہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لئے تم یہ کام چھوڑ دو۔ وہ کہتے ہیں میں نے دعا کی کہ اللہ فضل کرے۔ اب میں کیا کر سکتا ہوں۔ چنانچہ ایک نوجوان اجازت لے کر جہاز پہ آیا اسے کچھ مدد درکار تھی۔ انہوں نے اس کو کچھ کتابیں دیدیں جنہیں پڑھ کر وہ نوجوان اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدی ہو گیا۔ پھر اس نے اپنے والدین اور ماموں وغیرہ کو احمدی کیا۔ چنانچہ وہاں سولہ بالغ افراد کی ایک جماعت قائم ہو گئی۔ وہ نوجوان اب اس جماعت کا سیکرٹری ہے اور اس کے ماموں جماعت کے صدر ہیں۔ ہمارے ماریشس کے مربی وہاں گئے۔ انہوں نے دیکھا اور جائزہ لیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہاں بڑی اچھی جماعت ہے۔ تو اس طرح احمدیت کے بیج لگیں گے۔

(الفضل 7 مارچ 1983ء)

دنیا کے 10 مہنگے ترین گھر

پہلے نمبر پر دنیا کا مہنگا ترین گھر

یہ گھر انگلینڈ میں ہے۔ ونڈلی لٹام کے علاقے میں موجود اس گھر کی قیمت ہے 139 ملین ڈالر، پاکستانی کرنسی میں یہ رقم 83 ارب 40 کروڑ روپے بنتی ہے۔ یہ گھر نو تعمیر شدہ ہے اور ابھی تک کسی کو اس میں رہنے کا موقع نہیں ملا۔ اس میں 103 کمرے ہیں، 5 سوئمنگ پول ہیں، 50 نشستوں والا سینما گھر ہے، کمروں میں 24 قیراط سونے سے بنے پتے آویزاں ہیں۔ سکوائش کورٹ، باؤلنگ ایلے اور ٹینس کورٹ سمیت ہر سہولت میسر ہے اور آپ کو باہر جانے کی ضرورت صرف تبھی پڑے گی جب آپ ملکہ برطانیہ سے ملنے قریب ہی واقع ونڈسر محل جانا چاہیں۔

دوسرا مہنگا ترین گھر

